4331CH02

2

# آم کی گٹھلی



ایک دن امّاں بازار سے بچوں کے لیے آم لائیں۔ ایک کلو میں سات آم آئے۔ آم چھوٹے چھوٹے اور خوب رسیلے تھے۔ امّاں نے ان آموں کو دھوکر فرج میں رکھ دیا اور بچوں سے کہا۔

”شام کو ابّا دفتر سے آئیں گے۔ تب تک فِرج میں آم بھی ٹھنڈے ہو جائیں گے۔ رات کے کھانے کے بعد ہم آم کھائیں گے۔“



منّے کو آم بہت پسند تھے۔ تھوڑی دیر میں امّاں، سیما اور سمیر دوسرے کمرے میں چلے گئے۔ اب چار سال کا شرارتی منّا کمرے میں اکیلا رہ گیا۔ اس نے اِدھر اُدھر دیکھا تو آس پاس کوئی نہ تھا۔ منّے نے

© NCERT not to be republished



موقع پاکر چپکے سے فرج کھول کر ایک آم اٹھالیا اور خوب مزے لے کر چوس چوس کر کھایا۔ پھر منّے نے ہاتھ منہ دھو کر کلّی کرلی اور دوسرے کمرے میں جاکر دادا دادی کے ساتھ باتیں کرنے لگا۔

شام کو ابّا آئے۔ دادا دادی کے ساتھ بیٹھ کر سب نے رات کا کھانا کھایا۔ کھانا کھا کر امّاں نے جب فرج سے آم نکالے تو سات کی جگہ صرف چھے آم تھے۔ امّاں نے بچوں سے پوچھا "کیا آپ میں سے کسی نے ایک آم کھایا ہے؟" سیما اور سمیر نے انکار میں اپنی گردنیں ہلائیں۔

"نہیں امّاں! ہم نے تو فرج کھولا تک نہیں۔"



منّے کو شرم آرہی تھی۔ پھر بھی جی کڑا کر کے اس نے کہا۔

"نہیں، میں نے تو آم نہیں کھایا ہے۔"

ابّا بچوں کا انکار سن کر مسکرائے اور کہا۔


"آم تو آپ لوگوں کے لیے ہی آئے تھے۔ اگر آپ میں سے کسی نے ایک

© NCERT not to be republished


آم کھا بھی لیا تو کوئی بات نہیں۔ لیکن ہاں، ان آموں کی گٹھلیاں بہت چھوٹی تھیں۔ مجھے تو یہ فکر ہو رہی ہے کہ اگر کسی بچے نے آم کی گُٹھلی بھی نگل لی ہوگی تو آج رات اس کے پیٹ میں بڑے زور سے درد ہوگا۔"



اتنا سننا تھا کہ منّا جھٹ سے بول پڑا۔
"نہیں نہیں ابّا! گٹھلی تو بڑی تھی۔
میں نے اسے کوڑے دان میں پھینک دیا تھا۔" یہ سن کر سارے لوگ ہنس پڑے مگر منّا شرم سے لال ہوگیا۔ پاس ہی بیٹھی دادی جان نے کہا کہ منّے نے سچ کو قبول کر کے میرا دل جیت لیا۔



© NCERT not to be republished






# مشق



## پڑھیے اور سمجھیے

| | |
|---|---|
| قبول کرنا | ماننا، اقرار کرنا |
| جی کڑا کرنا | دل مضبوط کرنا، ہمت کرنا |
| شرم سے لال ہونا | بہت زیادہ شرمندہ ہونا |
| دل جیتنا | خوش کر دینا |





## سوچیے اور بتائیے

1. امّاں سات ہی آم کیوں لائی ہوں گی؟

..........................................................................

2. چپکے سے آم کھانے کے بعد منّا کس سے باتیں کرنے لگا؟

..........................................................................

3. منّے کو شرم کیوں آ رہی تھی؟

..........................................................................

© NCERT not to be republished

4. منّے کی شرارت کیسے پکڑی گئی؟

..............................................................

5. دادی جان کس بات پر خوش ہوئیں؟

..............................................................



## صحیح بیان پر (✓) اور غلط بیان پر (✗) کا نشان لگائیے

1. منّے کو آم پسند نہیں تھے۔ ☐
2. آم چھوٹے چھوٹے اور خوب رسیلے تھے۔ ☐
3. منّے نے آم خوب مزے لے کر چوس چوس کر کھایا۔ ☐
4. ابّا بچوں کا انکار سن کر بہت غصّہ ہوئے۔ ☐
5. سیما اور سمیر دونوں نے انکار میں گردن ہلائی۔ ☐



## سامنے دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو بھریے

1. ایک دن ......... بازار سے بچوں کے لیے آم لائیں۔ (اماں / دادی)
2. آم چھوٹے ......... اور خوب رسیلے تھے۔ (چھوٹے / بڑے)
3. آم تو ......... لوگوں کے لیے ہی آئے تھے۔ (آپ / خاص)
4. یہ سن کر منّا جھٹ سے ......... پڑا۔ (کود / بول)



© NCERT not to be republished

5. میں نے اسے .......... میں پھینک دیا تھا۔ (کمرے / کوڑے دان)





## دی گئی تصویروں کے نام باکس میں تلاش کیجیے اور اس پر مثال کے مطابق دائرہ بنائیے۔



| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آ | م | ا | م | ر | و | د |
| ڑ | س | ن | ت | ر | ہ | ٹ |
| و | ی | ا | ل | ی | چ | ی |
| س | ب | ر | ک | ے | ل | ا |

© NCERT not to be republished



## پڑھیے، سمجھیے اور لکھیے

• ایک دن امّاں جان بازار سے بچّوں کے لیے آم لائیں۔

اس جملے میں: 'امّاں جان، بچے' کسی شخص کا نام ہیں۔

بازار    جگہ کا نام ہے۔

آم    پھل ہے ایک چیز کا نام ہے۔

کسی شخص، کسی جگہ یا کسی چیز کے نام کو 'اسم' کہتے ہیں۔

نیچے دیے گئے جملوں میں اسم تلاش کر کے لکھیے

1. شام کو ابّا دفتر سے آئیں گے۔

............................................................

2. امّاں، سیما اور سمیر کمرے میں چلے گئے۔



............................................................

3. منّے نے گٹھلی کو کوڑے دان میں پھینک دیا۔

............................................................

4. دادی امّاں نے کہا کہ منّے نے سچ قبول کر کے میرا دل جیت لیا۔

............................................................

© NCERT not to be republished

5. سات آم گھر کے سات لوگوں نے کھائے۔



## کیجیے


بچے عام طور پر بچپن میں منّے کی طرح شرارت کرتے ہیں۔ آپ بھی اپنی کسی شرارت کو سنایئے اور لکھیے



دادا دادی یا نانا نانی کی وہ باتیں سنایئے اور لکھیے جو آپ کو بے حد پسند ہیں

© NCERT not to be republished

## رنگ بھریے



## لطیفہ / چٹکلہ

ارشد : میں بچپن میں بہت طاقت ور ہوا کرتا تھا۔

عامر : وہ کیسے؟

ارشد : میری امّی کہتی ہیں کہ میں جب بچپن میں روتا تھا تو سارا گھر سر پر اٹھالیتا تھا۔

## اساتذہ کے لیے ہدایات

- طلبا سے آموں کے متعلق گفتگو کروائی جا سکتی ہے۔
- بچّوں سے کہانی کی تصویروں پر بات چیت کروائی جا سکتی ہے۔

© NCERT not to be republished